**12.09.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. عبدالواحد

**Music**

-----------------------------------

☆ برکس ملکوں نے زیادہ مضبوط کثیر رخی نظام اور اشتراک بڑھانے کے اپنے عہد کا اعادہ کرتے ہوئے نئی دلّی اعلامیہ 2026 منظور کیا ہے۔ اِس میں ممبر ملکوں کے مابین اور زیادہ اقتصادی اور ترقیاتی اشتراک کیلئے کہا گیا ہے۔ تنازعات، خاص طور پر مغربی ایشیا کے تنازعے کے پُرامن حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری پر زور دیا گیا ہے۔

☆ بھارت نے کہا ہے کہ نئی دلّی اعلامیہ کا منظور ہونا، بھارت کی برکس صدارت کے اہم نتائج میں سے ایک ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ فیصلوں اور نتیجوں کے درمیان فرق کو ساجھیداری اور اجتماعی اقدامات کے ذریعے دور کیا جانا چاہیئے۔ وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ برکس ہر ایک کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور چین کے صدر Xi Jinping نے اپنی دو طرفہ بات چیت میں تعلقات کے کلیدی اور طویل مدتی نقطۂ نظر پر زور دیا۔

☆ جناب مودی نے برکس ملکوں کے وزراء اعظم کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔

☆ CBI ریڈ کارنر نوٹس کے تحت مفرور ملزم امرت پال سنگھ کو Moldova سے بھارت لے آئی ہے۔

☆ اور یو ایس اوپن ٹینس میں آج رات خواتین سنگلز کے فائنل میں پچھلی بار کی چمپئن Aryna Sabalenka اور Elena Rybakina آمنے سامنے ہوں گی۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**New Delhi Decalartion**

برکس ملکوں نے زیادہ مضبوط کثیر رخی نظام اور اشتراک بڑھانے کے اپنے عہد کا اعادہ کرتے ہوئے نئی دلّی اعلامیہ 2026 منظور کیا ہے۔ اِس میں ممبر ملکوں کے مابین اور زیادہ اقتصادی اور ترقیاتی اشتراک کیلئے کہا گیا ہے۔ اِس میں تنازعات، خاص طور پر مغربی ایشیا کے تنازعے کے پُرامن حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری پر زور دیا گیا ہے۔

برکس ملکوں نے دنیا کے کئی حصوں میں جاری محاذ آرائی اور لڑائی نیز بین الاقوامی نظام میں بکھراؤ اور اختلافات کی

موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ برکس سربراہ میٹنگ 2026 کے پہلے دن منظور کیے گئے نئی دلّی اعلامیے میں، رہنماؤں نے ایک ایسا کثیر رخی رویہ اختیار کیے جانے کی حمایت کی، جس میں اہم عالمی امور پر مختلف ملکوں کے الگ الگ نقطۂ نظر اور موقف کا احترام کیا جائے۔

اِن میں پائیدار ترقی، بھکمری اور غربت کا خاتمہ اور آب و ہوا کی تبدیلی کے تعلق سے عالمی سطح پر اقدامات کے معاملے شامل ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آج کے تبادلۂ خیال سے یہ بات نمایاں ہوگئی ہے کہ فرسودہ ادارے بدلتی ہوئی دنیا کا نظام نہیں چلاسکتے اور ساتھ ہی انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ نمائندگی، اقدامات کرنے اور ضابطے مرتب کرنے میں اصلاحات لازمی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ رہنماؤں نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ مستقبل کی ٹیکنالوجیاں تیار کرنے اور اِن سے وابستہ ضابطے مرتب کرنے میں گلوبل ساؤتھ کی مساویانہ شمولیت ہونی چاہیے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آج جو نئی دلّی اعلامیہ منظور کیا گیا ہے، اُس میں ممبر ملکوں کے مشترکہ عزم کیلئے واضح سمت طے کی گئی ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ اِن وعدوں اور عہد کو حقیقی نتیجوں میں بدلنا، اب ملکوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

**SB - 2100 - PM Delhi Declaration - BRICS - 28 Secs**

برکس رہنماؤں نے جموں و کشمیر میں پچھلے سال 22 اپریل کے دہشت گردانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی اور ہر طرح کی دہشت گردی سے نمٹنے کے عہد کو دوہرایا۔

اِس سے پہلے، آج سہ پہر نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں برکس سربراہ میٹنگ 2026 کا آغاز ہوا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقعے پر اپنے خطاب میں تسلسل اور عمل درآمد سے متعلق برکس طریقۂ کار تجویز کیا، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ہر سال برکس کی صدارت، کسی دوسرے ملک کے ہاتھ میں آنے کے باوجود گروپ کی ادارہ جاتی رفتار برقرار رہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِس طریقۂ کار کی بدولت Troika کے ذریعے سبھی اقدامات پر آگے کی کارروائی اور نتیجوں کو برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ برکس ملکوں کو اگلے 20 سال کیلئے ایک نئے اور بڑے ایجنڈے پر کام کرنا ہوگا۔

جناب مودی نے ملاحوں کیلئے ایمرجنسی امدادی نیٹ ورک قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی، تاکہ مشکل کی گھڑی میں امداد میں سہولت کی خاطر بحری حکام اور متعلقہ ملکوں کے سفارتی مشنوں کو باہم منسلک کیا جاسکے۔

**SB - 2100 - PM Seafarers - BRICS - 21 Secs**

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ برکس ملکوں کے مابین اتحاد اور اتفاق رائے کو عالمی منظرنامے پر ٹھوس نتیجوں کی شکل دی جائے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی صدارت میں مضبوطی، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی بھارت کی اولین ترجیحات رہی ہیں۔ اِن ترجیحات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے بھارت نے برکس اشتراک کو سیدھے عام آدمی کے ساتھ جوڑنے پر خاص زور دیا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر بحران کے معاملے میں تو گلوبل ساؤتھ پیش پیش ہے، لیکن فیصلہ سازی کے اعتبار

سے سب سے پیچھے ہے۔

اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات کے معاملے پر وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ اب اِسے اور موخر نہیں کیا جاسکتا۔

**SB - PM**

**PM Bilaterals**

وزیر اعظم نریندر مودی اور چین کے صدر **Xi Jinping** نے یہ بات دوہرائی ہے کہ بھارت اور چین کو اپنے تعلقات کے سلسلے میں ایک کلیدی اور طویل مدتی نقطۂ نظر اپنانا چاہئے اور اختلافات کو تنازعے کی شکل اختیار نہیں کرنی چاہئے۔ آج نئی دلّی میں برکس سربراہ میٹنگ کے موقعے پر اپنی دو طرفہ بات چیت کے دوران، دونوں رہنماؤں نے پچھلے سال اگست میں **Tianjin** کی اپنی گزشتہ ملاقات کے بعد سے بھارت-چین باہمی تعلقات میں لگاتار پیشرفت ہونے کا خیر مقدم کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں فریقوں کو تین باہمی عوامل سے رہنمائی حاصل کرنی چاہئے۔ اِن میں باہمی احترام، باہمی مفاد اور باہمی احساس شامل ہیں۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ سرحدی علاقوں میں امن و استحکام باہمی تعلقات کے مسلسل فروغ کیلئے ضروری بنیاد ہے۔

اِس سے پہلے، دن میں وزیر اعظم نریندر مودی نے برکس سربراہ میٹنگ کے موقعے پر اتھیوپیا، ملیشیا اور ویتنام کے وزراء اعظم کے ساتھ ساتھ ابوظبی کے ولی عہد شہزادے کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - Anupam Mishra**

*برکس رکن ممالک نے مغربی ایشیا میں جاری بڑھتی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا اور زیادہ سے زیادہ تحمل برتنے کے ساتھ ساتھ ایسی کارروائیوں سے گریز کرنے پر زور دیا، جس سے صورتحال میں مزید کشیدگی پیدا ہو۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے مطابق شہریوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کے تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ ممالک نے بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے کوششوں میں اضافے کی حوصلہ افزائی کی، تاکہ خطے میں دیرپا امن، سلامتی اور استحکام کے سلسلے میں طویل مدتی آپسی سمجھ بوجھ پیدا ہوسکے۔ برکس رکن ممالک نے بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے مکمل تحفظات کے تحت شہری بنیادی ڈھانچے اور پُرامن نیوکلیائی سہولتوں پر جان بوجھ کر کیے گئے حملوں پر بھی گہری تشویش ظاہر کی۔*

*انہوں نے گزشتہ برس 22 اپریل کو دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی۔ برکس رکن ممالک نے سرحد پار دہشت گردوں کی نقل و حرکت، دہشت گردی کی مالی اعانت اور اُس کے لئے محفوظ پناہ گاہوں سمیت ہر طرح کی دہشت گردی سے نمٹنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔*

*نئی دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان*

## MEA Briefing BRICS

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ بھارت کی برکس کی صدارت کے دوران مختلف سطحوں پر ایک سال طویل رابطوں کے سبب برکس سربراہ میٹنگ میں نئی دلّی اعلانیے پر اتفاقِ رائے قائم ہو پایا ہے۔ آج شام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اقتصادی تعلقات شعبے کے سکریٹری سُدھاکر Dalela نے کہا کہ نئی دلّی اعلامیے کو اختیار کیا جانا، بھارت کی صدارت کے اہم نتائج میں سے ایک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی صدرنشینی، لوگوں پر مرکوز رہی ہے۔ جناب Dalela نے بھارت کی صدارت کے دوران اپنے تعاون کیلئے برکس ممالک کا شکریہ ادا کیا۔×

## Goyal Malaysia Meet

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج نئی دلّی میں ملیشیا کے سرمایہ کاری، تجارت و صنعت کے وزیر Datuk Seri Johari عبد الغنی کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب گوئل نے کہا کہ میٹنگ کے دوران طرفین نے بھارت-ملیشیا اقتصادی شراکت داری کا جائزہ لیا اور باہمی تجارت و سرمایہ کاری کو فروغ دینے، بازار تک رسائی کو بہتر بنانے اور سپلائی چین رابطوں کو مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، باہمی طور پر اور بھارت-آسیان طریقۂ کار کے تحت تجارت و اقتصادی تعلقات کے تمام تر امکانات کی خاطر ملیشیا کے ساتھ قریبی طور پر اشتراک کیلئے مسلسل پُر عزم ہے۔ x

## Sitharaman AAIB Meet

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج بھارت-آسیان بنیادی ڈھانچہ سرمایہ کاری بینک، AIIB شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے نئی دلّی میں AIIB کی صدر Zou Jiayi سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ بھارت میں بنیادی ڈھانچے اور ٹرانسپورٹ کنکٹی وٹی کی ترجیحات میں مدد فراہم کرنے، مقامی کرنسی میں مالی مدد میں اضافے، نجی شعبے کی شراکت داری کو بڑھانے اور AIIB کی عالمی موجودگی کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا گیا۔×

## CBI - Extradition

مرکزی جانچ بیورو CBI نے ریڈ کارنر نوٹس پر امرت پال سنگھ عرف گرپال سنگھ کو Moldova سے بھارت لانے میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔ وزارت خارجہ، وزارت داخلہ اور پنجاب پولیس کے ساتھ تال میل قائم کرکے CBI اِس مطلوبہ مفرور ملزم کو بھارت لائی ہے۔

پنجاب پولیس کی چار اہلکاروں کی ایک ٹیم کو مفرور ملزم کو واپس لانے کیلئے Moldova بھیجا گیا تھا۔ تحقیقاتی ایجنسی نے کہا ہے کہ پنجاب میں رجسٹرڈ سنگین نوعیت کے کئی فوجداری کیسوں میں اُس کی تلاش تھی۔×

**PM - Jewish New Year**

وزیر اعظم نریندر مودی نے یہودیوں کے نئے سال ”Rosh Hashanah“ کے موقعے پر اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو، اسرائیل کے عوام اور دنیا بھر میں یہودی برادری کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ نیا سال ہر ایک کیلئے امن، تندرستی اور ترقی لے کر آئے گا۔×

**RBI - Governer**

ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا ہے کہ غیر ملکی کرنسی سے متعلق Non Resident بینک اور دیگر اسکیموں کے ذریعے آنے والی رقومات میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ ایک پرائیویٹ ٹیلی ویژن چینل کے ساتھ انٹرویو میں RBI کے گورنر نے کہا کہ بڑی رقومات کی آمد سے بھارت کے میکرو اقتصادی بنیادی عوامل میں اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے اور مختصر مدت کے اندر غیر ملکی سرمائے کو راغب کرنے کی صلاحیت کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

بینک کاری نظام میں اضافی نقد رقم کی دستیابی کے بارے میں جناب ملہوترا نے کہا کہ نقد رقم کے بندوبست کیلئے ریزرو بینک کے پاس مناسب طریقۂ کار ہیں اور وہ ضرورت کے لحاظ سے اِن کا استعمال کرنے کیلئے تیار ہے۔×

**NIA - J&K Searches**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے آج جموں و کشمیر میں دس مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ اِن میں کپواڑہ، گلگام، باندی پورہ، بارہمولہ اور سوپور شامل ہیں۔ تلاشی کی یہ کارروائی سرحد پار دہشت گردی کی ایک سازش کے سلسلے میں کی گئی ہے، جس میں دہشت گرد تنظیم لشکر طیبہ کے پاکستان سے کام کرنے والے آقا اور مقامی کارندوں کا اُن کا مبینہ نیٹ ورک ملوث ہے۔

تلاش کی کارروائی کے دوران، اِس کیس سے وابستہ قابل اعتراض مواد ضبط کیا گیا، جس کی جانچ کی جارہی ہے اور اِس سے پہلے کی تحقیقات کے دوران اکٹھا کیے گئے دیگر شواہد کے ساتھ اِس کا میلان کیا جارہا ہے۔

NIA نے کہا ہے کہ اِس سال 31 مارچ کو ایک کارندے کی گرفتاری کے بعد یہ چھان بین شروع ہوئی تھی۔×

**Baloch Human Rights**

پاکستان میں انسانی حقوق کے ایک ادارے نے حکام پر بلوچستان میں بڑے پیانے پر فوج کی تعیناتی اور ظلم و جبر کی ایک منظّم مہم چلانے کا الزام لگایا ہے، جہاں تشدد اور لوگوں کو بے گھر کیا جانا، شہریوں کی روز مرہ کی زندگی کا حصہ بن گیا ہے۔ ادارے نے کہا ہے کہ سڑک کے کنارے بلوچ شہریوں کی مسخ شدہ لاشیں برآمد ہونے سے تشدد کے وحشیانہ اور غیرانسانی پہلو کی عکاسی ہوتی ہے۔ بلوچستان کے مستون ضلعے میں ابتر ہوتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انسانی حقوق کے ادارے نے کہا کہ جو باغات خطے میں ہزاروں لوگوں کو گزر بسر فراہم کرتے تھے، اب ایک سرکاری پالیسی کے تحت تباہ ہو رہے ہیں، جس سے آراضی اور گزر بسر، دونوں کو خطرہ لاحق ہے۔×

**Tennis US Open**

یو ایس اوپن ٹینس میں آج رات خواتین سنگلز کے فائنل میں دفاعی چمپئن **Aryna Sabalenka** اور **Elena Rybakina** کا مقابلہ ہوگا۔

مردوں کے سنگلز کے فائنل میں کل، **Alexander Zverev** اور **Ben Shelton** آمنے سامنے ہوں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆